اُردو (لازمی) (نیو کورس)

Inter Part-I

(Fresh/Reappear)

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

نمبر:50

درج ذیل میں سے دس (10) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

سوال نمبر:1 ڈراما کی تعریف کریں اور آغا حشر کاشمیری کے تین ڈراموں کے نام لکھیں۔ (3+2)

سوال نمبر:2 جمیل اور بڑے چچا میں اختلاف کی کیا وجہ تھی؟ یہ دونوں کس کہانی کے کردار ہیں؟ نیز کہانی کی صنف بھی بتائیں۔ (2+3)

سوال نمبر:3 سلینگ کی تعریف کریں نیز کوئی سے تین سلینگ بمع نئے معانی کی وضاحت کے ساتھ لکھیں۔ (3+2)

سوال نمبر:4 عبادت بریلوی نے اپنے مضمون میں کن زاویوں سے ادب کی افادیت پر روشنی ڈالی ہے۔ جواب پانچ نکات میں تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر:5 بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری سے کیا نقصان ہوا نیز مجدد الف ثانیؒ نے اسلام کی کیا خدمت انجام دی؟ (2.5+2.5)

سوال نمبر:6 سبق اپنی مدد آپ کا مرکزی خیال لکھیں جو پانچ جملوں سے زیادہ نہ ہو۔ (5)

سوال نمبر:7 شامل نصاب حمد میں اللہ تعالیٰ کی جن صفات کا ذکر کیا گیا ہے انہیں اپنے الفاظ میں لکھیں۔ جواب پانچ نکات میں تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر:8 نظم شہر آشوب میں کن کن پیشوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ ان کی وضاحت کریں۔ (5)

سوال نمبر:9 مثنوی سحر البیان کے حوالے سے چاندنی رات کا منظر اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ (5)

سوال نمبر:10 درج ذیل الفاظ و مرکبات کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں۔ (5)

(۱) خلد بریں (۲) سعادت نشان (۳) آبِ بقا (۴) عاجز (۵) پیادہ پا (1+1+1+1+1)

سوال نمبر:11 مرزا غالب کے شاعرانہ کلام کی خصوصیات تحریر کریں۔ جواب پانچ نکات میں دیجئے۔ (5)

سوال نمبر:12 نظم سڑکیں کا خلاصہ ایک پیراگراف میں تحریر کریں۔ 0.044 (5)

سوال نمبر:13 پومپی آئی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز سفر نامے میں جن اطالوی شہروں کا ذکر ہے ان کے نام لکھیں۔ (2+3)

سیکشن (ج)

نمبر:30

سوال نمبر:14 درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔ 10

(الف) چار معدوم محض ہیں، تین جو باقی رہے اس میں سے دوجانہ، لوہارو تخت حکومت ہانسی۔ حصار، پاٹودی حاضر۔ اگر ہانسی حصار کے صاحب کمشنر بہادر اں دونوں کو یہاں لے آئے، تو تین رئیس ورنہ ایک رئیس بس۔ رہے دربار عام والے مہاجن لوگ، سب موجود۔ اہل اسلام میں سے صرف تین آدمی باقی ہیں۔ میرٹھ میں مصطفیٰ خان، سلطان جی میں مولوی صدرالدین خان، بلی ماروں میں سگ دنیا موسوم بہ اسد۔ تینوں مردود، مطرود، محروم و مغموم۔

(ب) ابھی میں تو بانس بریلی کا ہوں، بانس بریلی کا۔ کھاتے پاکستان کا۔ گاتے بانس بریلی کا۔ آج جس کو دیکھو کوئی سندھی ہے، کوئی پنجابی ہے، کوئی بلوچی ہے۔ کوئی پٹھان ہے۔ ہر شخص اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنا رہا ہے۔

سوال نمبر:15 درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔ 10

(الف) ہم دوش ثریا ہے مقام اخلاص ----- جو ملتا ہے، ملتا ہے غلام اخلاص
گو فرش سے تا عرش سفر ہے دشوار ----- طے کرتی ہے یہ یک جنبش گام اخلاص

0.044

(ب) کس طور آنسوؤں میں نہاتے ہیں غم کشاں ----- اس آب گرم میں تو ٹک انگلی ڈبوئیے
اب جان جسم خاک سے تنگ آ گئی بہت ----- کب تک اس ایک ٹوکری مٹی کو ڈھوئیے

سوال نمبر:16 اپنے سکول / کالج کے ای پرنسپل صاحب / صاحبہ کو وظیفہ کیلئے درخواست لکھیں۔ 5

یا

پھل فروش اور گاہک کے درمیان مہنگائی پر مکالمہ تحریر کریں۔

سوال نمبر:17 دوست / سہیلی کے نام بیمار پرسی کا خط لکھیں۔ 5

www.ilmkidunya.com